**15.09.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

..........................................................................

1۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مشرقی بھارت میں ریل کنیکٹی ویٹی کی توسیع سے، پورے خطے کی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا۔ انھوں نے جھارکھنڈ میں 660 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے اِن قومی ریلوے پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کیا۔

2۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھن کھڑ نے طلبا سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ، سرکاری ملازمتوں کے علاوہ بھی، موقعے تلاش کریں۔

3۔ RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور Tala پولیس افسر ابھجیت منڈل کو کولکتہ آبروریزی اور قتل کیس میں تین دن کیلئے CBI حراست میں بھیج دیا گیا ہے۔

4۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں کل تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

5۔ اور بھارت کی انمول Kharb نے بلجیم میں پہلا انفرادی سینئر بین الاقوامی بیڈمنٹن خطاب جیتا ہے۔

..........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### ***PM Vande Bharat Trains***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج زور دے کر کہا ہے کہ مشرقی بھارت میں ریل کنکٹیوٹی کی توسیع سے پورے خطے کی معیشت مستحکم ہوگی۔ جناب مودی، ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 660 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور اِنہیں قوم کے نام وقف کرنے کے بعد جھارکھنڈ کی راجدھانی رانچی میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ جناب مودی نے 6 وندے بھارت ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کیا۔ اِس سے پہلے وزیر اعظم جمشید پور میں ٹاٹانگر سے اِن ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کرنے والے تھے لیکن ان کا ہیلی کاپٹر، خراب موسم کے سبب اڑان نہ بھر سکا لہٰذا انہیں رانچی سے اِن پروجیکٹوں کا آغاز کرنا پڑا۔

وزیر اعظم مودی نے ورچوئل طریقے سے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اس بات کو اجاگر کیا کہ مشرقی

بھارت میں ریل کنیکٹیوٹی کی توسیع سے کاروبار، پیشہ ور افراد اور طلباء کو بڑے پیمانے پر فائدہ ہوگا۔ 6 نئے وندے بھارت ریل گاڑیوں کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اس سے خطے میں سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور ٹاٹانگر کی صنعتی ترقی میں بھی اضافہ ہوگا، جس سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

2100- PM - Trains

وزیر اعظم نے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین (PMAY-G) کی پہلی قسط بھی جاری کی، جس سے مستفید ہونے والے ہزاروں لوگوں کیلئے پکّے مکانات یقینی ہوں گے۔

مستفید ہونے والے افراد کے بینک کھاتوں میں 32 کروڑ روپے ڈیجیٹل وسیلے سے منتقل کیے گئے۔ اس کے علاوہ وزیر اعظم نے پردھان منتری آواس یوجنا گرامین (PMAY-G) سے مستفید ہونے والے افراد کو 32 ہزار مکانات کے منظوری نامے بھی تقسیم کیے۔ مستفید ہونے والے 40 ہزار افراد کیلئے گرہ پرویش کی تقریب بھی منعقد ہوئی۔

2100- PM- Pakka Ghar

بعد میں جمشید پور کے گوپال میدان میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا کہ بنگلہ دیشی اور روہنجا دراندازوں سے ریاست کو زبردست خطرہ ہے کیونکہ اُن کی آمد سے سنتھال پرگنہ اور Kolhan خطوں کی آبادی کا منظر نامہ تبدیل ہوجائے گا۔

انہوں نے مزید کہا کہ اِن علاقوں میں قبائلی افراد کی تعداد کم ہو رہی ہے اور اِن خطوں میں، آبادی کا تناسب تیزی سے بدل رہا ہے۔ جناب مودی نے JMM، RJD اور کانگریس کو جھارکھنڈ کا سب سے بڑا دشمن قرار دیا اور کہا کہ یہ پارٹیاں اقتدار کی بھوکی ہیں اور ووٹ بینک اور خوش آمد کی سیاست کر رہی ہیں۔ x

***PM Gujarat***

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام گجرات کے شہر احمدآباد پہنچے۔ وہ کل گاندھی نگر میں ''پردھان منتری سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا'' سے فائدہ حاصل کرنے والوں سے بات چیت کریں گے اور مہاتما مندر میں قابل تجدید توانائی سے متعلق چوتھی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

شام کو احمدآباد میں جناب مودی کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور اِن میں سے کچھ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اِن پروجیکٹوں پر آٹھ ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کا خرچ آئے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ وزیر اعظم، احمدآباد سے گاندھی نگر تک کی میٹرو ریل توسیع کے دوسرے مرحلے کا بھی افتتاح کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Aparna Khunt

وزیر اعظم نریندر مودی احمدآباد میٹرو کے دوسرے مرحلے کا افتتاح کریں گے۔ یہ راستہ نریندر مودی اسٹیڈیم سے گاندھی نگر کے سیکٹر ایک اور گفٹ سٹی کو ملاتا ہے۔ یہ راستہ، احمدآباد میٹرو کی موجودہ شمال-جنوب راہداری کے پہلے مرحلے کا، 81 کلو میٹر طویل توسیعی راستہ ہے۔ اِس مرحلے میں ابتدائی طور پر آٹھ میٹرو اسٹیشن شامل کئے گئے ہیں۔

وزیر اعظم گاندھی نگر سیکٹرایک اسٹیشن سے، گفٹ سٹی اسٹیشن تک، میٹرو کا سفر کریں گے۔ اِس توسیعی مرحلے سے عوام کو احمدآباد اور گاندھی نگر کے درمیان کم خرچ ٹرانسپورٹ کا ذریعہ فراہم ہوگا۔

احمد آباد سے Aparna Khunt کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## VP Digital Tower

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھن کھڑ نے آج طلبا سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹیکنالوجی کے میدان میں سرکاری ملازمتوں کے علاوہ بھی، موقعے تلاش کریں۔ نائب صدر جمہوریہ آج ناگپور میں رام دیو بابا یونیورسٹی میں، ڈیجیٹل ٹاور کا افتتاح کرنے کے بعد ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اِس 12 منزلہ ٹاور میں، کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ طلبا کیلئے، جدید ترین ڈیجیٹل کلاس رومز ہیں۔

S/B 2100 Jagdeep Dhnkhar

اِس سے پہلے دن میں، نائب صدر جمہوریہ دھن کھڑ نے ممبئی میں منعقدہ ایک تقریب میں، ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے، پورے مہاراشٹر میں 434 صنعتی تربیتی اداروں ITIs میں Constitution Temples کا افتتاح کیا۔ یہ Constitution Temples، بھارت کے آئین کی اہمیت اور تقدس کے بارے میں طلبا کو تعلیم دینے اور بھارتی آئین کے معمار، بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے نظریات وخیالات کو پھیلانے کے مقصد سے قائم کئے گئے ہیں۔اس موقع پر جناب دھن کھڑ نے کہا کہ آئین، جمہوریت کی روح ہے اور پارلیمنٹ، اِس کی تحویل دار۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ آئین کو پڑھا جائے، سمجھا جائے اور اِس کا احترام کیا جائے۔ جناب دھن کھڑ نے اپیل کی کہ ریاست کے سبھی اداروں کو، جمہوری اَقدار کو پھیلانے کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔x

## J&K Amit Shah

جموں و کشمیر میں کل ڈوڈہ میں وزیر اعظم نریندر مودی کی بڑی ریلی کے بعد BJP کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، کل چناب وادی کے رام بن، کشتواڑ اور Padder علاقے میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے، جہاں انتخابات کے پہلے مرحلے کے دوران 18 ستمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ BJP کے ترجمان اور میڈیا سینٹر کے انچارج ارون کمار گپتا نے کہا ہے کہ پورے جموں کشمیر میں لوگ، BJP کا زبردست خیر مقدم کر رہے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ BJP، اُن انقلابی اقدامات کی بنیاد پر چناؤ لڑ رہی ہے، جو امن، ترقی اور خوشحالی کے لئے گزشتہ 10 برس میں کیے گئے ہیں۔ x

## J&K Encounter

جموں و کشمیر میں جموں ڈویژن کے کٹھوعہ ضلع کے جنگلاتی علاقے میں آج حفاظتی دستوں اور دہشت گردوں کے درمیان پھر سے جھڑپ شروع ہوئی۔ آخری خبریں ملنے تک دونوں طرف سے فائرنگ جاری تھی۔ پولیس کے

عہدیداروں نے بتایا ہے کہ باور کیا جاتا ہے کہ علاقے میں دو سے تین دہشت گرد پھنسے ہوئے ہیں۔ تصادم کی جگہ پر اضافی فورس روانہ کی گئی ہیں۔اسی دوران پُنچھ ضلع میں رات بھر جاری رہنے والی لڑائی ختم ہوگئی ہے۔ فرار ہونے والے دہشت گردوں کو پکڑنے کے لیے محاصرے اور تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ x

## Kolkata Sandip Ghosh

مغربی بنگال میں RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور Tala پولیس اسٹیشن کے سابق آفیسر انچارج ابھیجیت منڈل کو تین دن کیلئے CBI حراست میں بھیج دیا گیا ہے۔ اُنہیں آج سیالدہ کورٹ میں پیش کیا گیا تھا۔CBI نے اِن دونوں ملزموں کو کولکتہ میں RG Kar میڈیکل کالج میں، ایک زیر تربیت ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل سے متعلق کیس میں کل رات گرفتار کیا تھا۔ اُن کے خلاف اِس واقعہ میں ثبوتوں سے چھیڑ چھاڑ کرنے اور FIR درج کرنے میں تاخیر کرنے کے الزامات ہیں۔x

## KEJRIWAL RESIGNATION

دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے اعلان کیا ہے کہ وہ دو روز کے بعد وزیر اعلیٰ کے عہدے سے مستعفی ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نئے وزیر اعلیٰ کے بارے میں فیصلہ کرنے کی غرض سے اگلے چند روز میں، عام آدمی پارٹی کے ارکان اسمبلی کی ایک میٹنگ منعقد کی جائے گی۔ قومی راجدھانی میں پارٹی دفتر میں عام آدمی پارٹی کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب کجریوال نے مطالبہ کیا کہ دلی میں اسمبلی انتخابات، جو اگلے سال فروری میں ہونے ہیں، اس سال نومبر میں مہاراشٹر کے انتخابات کے ساتھ ساتھ کرائے جانے چاہئیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وہ عوام کا فیصلہ آنے تک، وزیر اعلیٰ کی کرسی پر نہیں بیٹھیں گے۔

S/B 1400 Arvind Kejriwal CM

سپریم کورٹ نے جمعہ کو دلی آبکاری پالیسی گھوٹالے سے متعلق بدعنوانی کے ایک کیس میں انہیں ضمانت دی تھی۔اسی دوران BJP نے الزام لگایا ہے کہ اروند کجریوال کا یہ اعلان اُن کے خلاف بدعنوانی کے الزامات کا، براہِ راست اعتراف ہے۔ آج دوپہر دلّی میں پارٹی صدر دفتر میں پارٹی ترجمان سُدھانشو ترویدی نے میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جناب کجریوال کا استعفیٰ کوئی سیاسی قدم نہیں ہے بلکہ اُن کی پارٹی کے اندرونی بحران کا نتیجہ ہے۔x

## President Milad

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے شہریوں، خاص طور پر مسلم برادری کو، میلادالنبی کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ یہ دن پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے یوم پیدائش کے طور پر منایا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پیغمبر اسلام نے محبت اور اُخوت کے احساسات کو مضبوط کرنے کی ہرشخص کو تحریک دی ہے اور سماج میں برابری اور ہم آہنگی پر زور دیا ہے۔ انھوں نے لوگوں کی حوصلہ

افزائی کی ہے کہ وہ دوسروں کے تیئں ہمدردی برتیں اور انسانیت کی خدمت کریں۔ صدر جمہوریہ نے عوام سے زور دے کر کہا کہ وہ مقدس قرآن کی تعلیمات کو اپنے اندر ضم کریں اور ایک پُرامن سماج کی تعمیر کا عزم کریں۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے گنگائی مغربی بنگال کے اوپر ہوا کے کم دباؤ کے سبب کل بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں کہیں کہیں بہت تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ گزشتہ 6 گھنٹے کے دوران ہوا کا دباؤ 5 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے مغرب، شمال مغرب کی جانب بڑھ گیا ہے۔ اگلے 48 گھنٹے کے دوران اِس کے کمزور پڑنے اور شمال مغرب کی جانب جھارکھنڈ اور چھتیس گڑھ کی طرف بڑھنے کا امکان ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ ہوا کے کم دباؤ کے سبب آج جھارکھنڈ، گنگائی مغربی بنگال اور اڈیشہ کے شمالی حصوں میں انتہائی شدید بارش ہوئی۔ اِس ہفتے ملک کے مشرقی حصوں، مدھیہ پردیش، کونکن اور گوا میں ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے سات دن کے دوران وِدربھ، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھ واڑہ، گجرات اور اترپردیش میں بھی کہیں کہیں ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## India Assistance

بھارت نے یاگی طوفان سے متاثرہ افراد کی مدد کی غرض سے میانما، ویتنام اور لاؤس کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد روانہ کی ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ خشک راشن، ملبوسات اور دواؤں سمیت 10 ٹن امداد، آج INS Satpura کے ذریعے میانما روانہ کی گئیں۔ بھارتی فضائیہ نے سیلاب سے متاثرہ ویتنام اور لاؤس کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کرنے اور آفات سے نمٹنے کے لیے اپنے C-17 Globemaster طیارے کو تعینات کیا ہے۔ 35 ٹن امداد ویتنام روانہ کی گئی ہیں، جن میں پانی صاف کرنے کی اشیاء، کمبل، کچن کے برتن اور شمسی لالٹین شامل ہیں، جبکہ 10 ٹن امداد لاؤس بھیجی گئی ہیں، جن میں gensets، پانی صاف کرنے کی اشیاء، مچھر دانی، کمبل اور sleeping bags شامل ہیں۔ x

## Nigeria Boat Capsized

نائیجریا کے شمال مغربی حصے میں آج کشتی کے ایک حادثے میں کم سے کم 41 افراد کی موت ہوگئی۔ 12 افراد کو بچا لیا گیا ہے۔ لکڑی کی ایک کشتی، جو 50 مسافروں اور عملے کے افراد کو لے کر جا رہی تھی، Zamfara ریاست میں Gummi قصبے کے نزدیک ایک دریا میں الٹ گئی۔ حادثے کے شکار کسان تھے، جو اپنے کھیتوں میں جا رہے تھے۔ مقامی حکام نے بتایا ہے کہ اس حادثے میں زیادہ تر خواتین اور بچوں کی جانیں گئی ہیں۔ x

## Europe Floods

وسطی اور مشرقی یوروپ میں، طوفان Boris کی وجہ سے موسلادھار بارش کے سبب بحران جاری ہے۔ پولینڈ

سے رومانیہ تک دریا، خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔ چیک جمہوریہ اور پولینڈ کے کچھ علاقوں کو تقریباً تین دہائیوں سے بدترین سیلاب کا سامنا ہے۔چیک جمہوریہ کے شمالی علاقوں میں سیلاب کے سبب لوگوں کو محفوظ جگہوں پر لے جانا پڑا ہے اور 51 ہزار گھر، بجلی سے محروم ہوگئے۔ رومانیہ میں کُل اِس سیلاب سے چار لوگ ہلاک ہوگئے۔ موسم کے ماہرین نے کَل بھی شدید بارش جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اُدھر پولینڈ میں بھی آج ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ یہاں سے ایک ہزار 600 افراد کو محفوظ جگہوں پر منتقل کرنا پڑا ہے۔x

## Chaina Typhoon Bebinca

چین میں ایک طاقتور طوفان Bebinca مشرقی ساحل پہنچ رہا ہے، جس کی وجہ سے حکام کو موسلادھار بارش کے تئیں تیار ہونا پڑا ہے۔ امکان ہے کہ یہ طوفان آج رات دیر گئے شنگھائی کے نزدیک پہنچ جائے گا۔ ملک کی ہنگامی بندوبست کی وزارت نے خطے میں انتہائی شدید طوفان سے خبردار کیا ہے۔x

## Badminton Anmol Kharb

بیڈمنٹن میں، بھارت کی ابھرتی ہوئی کھلاڑی انمول Kharb نے، Leuven میں بیلجیئن انٹرنیشنل 2024 میں خواتین کے سنگلز کے مقابلے میں کامیابی حاصل کرکے، پہلا سینئر بین الاقوامی خطاب جیتا ہے۔

قابل تعریف ہنر اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے 17 سالہ Kharb نے ڈینمارک کی Amalie Schulz کو فائنل میں چوبیس-بائیس، بارہ-اکیس، اکیس-دس سے ہرایا۔ اُن کی اِس کامیابی کی ایک بڑی خاصیت یہ ہے کہ وہ فائنل میں، کوالیفائرز سے داخل ہوئی تھیں اور وہ ایک غیرمعروف کھلاڑی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆